# کتاب برائے اساتذہ

## اردو

## پانچویں جماعت

# TEACHER TEXT
# URDU
# STD : V

GOVERMENT OF KERALA
DEPARTMENT OF EDUCATION
2024

# پیش لفظ

بچوں کی ہمہ جہت ترقی میں گھر اور ماحول کا بڑا اثر ہے۔ بچے ہنسی خوشی سے اپنے گھر سے زندگی بسر کر رہے ہیں۔ اپنے والدین اور رشتہ داروں سے مل جل کر رہنے سے ان کی سماجی ترقی بڑھ جاتی ہے۔ پانچویں جماعت کا پہلا یونٹ گھر اور ماحول سے تعلق رکھتا ہے۔ اس یونٹ پانچ موڈیول پر مشتمل ہیں۔ گھر اور گھر والے، رشتہ دار، گھر اور ماحول، پالتو جانور وغیرہ سے متعلقہ مختلف ڈسکورس شامل ہیں۔ ساتھ ساتھ دلکش تعلیمی سرگرمیاں بھی شامل کیے گئے ہیں۔ اس یونٹ کے ذریعے پیار و محبت، بھائی چارگی، باہمی تعاون، دوستی، انسانیت اور سماجی شعور وغیرہ اقدار اور رویّے بچوں میں حاصل ہوتے ہیں۔

اس یونٹ کے اسباق حسب ذیل ہیں۔

یونٹ I گھر بسائیں

| | | |
|---|---|---|
| ۱ | ابّا آئے | نظم |
| ۲ | آپ کیسے ہیں؟ | گفتگو |
| ۳ | میرا گھر | بیانیہ |
| ۴ | میاؤں میاؤں | نظم |
| ۵ | ننّھا منّا کوّا | کہانی |

یونٹ ا

موڈیول ا

# گھر بسائیں

## سبق کا نام : ابّا آئے

## ڈسکورس : نظم

## آموزشی مقاصد

- ❖ ہر ایک جاندار کا اپنا اپنا گھر ہوتاہے۔
- ❖ گھر والے آپس میں پیار و محبت سے مل جل کر رہتے ہیں۔
- ❖ گھر اور ماحول سے متعلقہ چھوٹی چھوٹی نظمیں،گیت سن کر اور پڑھ کر لطف اندوز ہوتا ہے۔
- ❖ گھر اور ماحول سے متعلقہ چھوٹی چھوٹی نظمیں،گیت مناسب ترنّم کے ساتھ پیش کرتا ہے۔
- ❖ گھر اور ماحول سے متعلقہ چھوٹی چھوٹی نظمیں یا گیت سن کر اور پڑھ کر ہم آواز الفاظ پہچانتاہے اور لکھتا ہے۔
- ❖ مماثل نظمیں یا گیت جمع کرکے ترنّم کے ساتھ پیش کرتا ہے۔
- ❖ پیار و محبت، بھائی چارگی،باہمی تعاون جیسے اقدار اور رویّے حاصل ہوتے ہیں۔

# تعلیمی سرگرمیاں / حکمتِ عملیاں

- ❖ گھر اور ماحول سے متعلقہ چھوٹی چھوٹی نظمیں، گیت سننا۔
- ❖ گھر اور ماحول سے متعلقہ چھوٹی چھوٹی نظمیں، گیت مناسب ترنّم کے ساتھ پیش کرنا۔
- ❖ گھر اور ماحول سے متعلقہ چھوٹی چھوٹی نظمیں یا گیت سن کر اور پڑھ کر ہم آواز الفاظ پہچان کر لکھنا اور پیش کرنا۔
- ❖ مماثل نظمیں اور گیت جمع کرنا اور ترنّم کے ساتھ پیش کرنا۔

# وسائلِ تعلیم

- ❖ گھر کا نمونہ
- ❖ گھر کی تصویر
- ❖ آم کے پیڑ کی تصویر
- ❖ نوری کی تصویر
- ❖ نوری کے ابّا اور امّی کی تصویریں
- ❖ گھر والوں کی تصویریں
- ❖ گھر والوں سے متعلقہ نظمیں اور گیت
- ❖ موڈیول کی تصویر

# تخلیقات

- ❖ نظمیں یا گیت کی لطف اندوزی
- ❖ سوالوں کے جواب
- ❖ آم کی تصویر
- ❖ آم کے بارے میں جملے

- ❖ گھر والوں کے نام (ابّا ، امّی ، بھائی، بہن دادا، دادی)
- ❖ گھر کے بارے میں جملے
- ❖ آم اور انار کی رنگ بھری ہوئی تصویریں اور جملے
- ❖ ’الف‘ اور’آ‘ والے الفاظ کی فہرست
- ❖ مماثل نظمیں یا گیت
- ❖ گھر کی تصویر ، الفاظ اور جملے

**وقت:** پیریڈ: ۱۰

## پیش کش

☆ ٹیچر بچّوں کو خوشی سے استقبال کرے اور آپس میں تعارف کرئے۔

جیسے:

☜ آداب غرض ہے بچّو!

☜ آپ کیسے ہیں؟

- ٹیچر بچّوں سے پوچھے کہ

’کیا آپ کو گیت پسند ہے؟‘

چلیے ہم ایک خوب صورت گیت گائیں۔

- ٹیچر گھر سے متعلقہ ایک گیت مادری زبان میں چارٹ پر نمائش کرے اور ترنّم کے ساتھ پیش کرے۔ بچّے بھی ساتھ دہرائیں۔


جیسے:

എന്റെ കൊച്ചു വീട്
സ്നേഹമുള്ള വീട്
അബ്ബയുള്ള അമ്മിയുള്ള
ഭയ്യയുള്ള വീട്
പാട്ടു പാടി തന്നിടും
എന്റെ സ്വന്തം ദാദാ
നൂറു നൂറു കഥ പറയും
ഞങ്ങളുടെ ദാദി
എന്റെ കൊച്ചു വീട്
സ്നേഹമുള്ള വീട്
ഒരുമയോടെ ഞങ്ങളെല്ലാം
പാർത്തിടുന്ന വീട്

- ٹیچر بچّوں کو بھی کوئی پسندیدہ گیت سنانے کا موقع دے۔

☆ ٹیچر ایک گھر کا نمونہ دکھائے اور اشاروں کی مدد سے چند سوال کرے۔

جیسے:



☞ یہ کیا ہے؟

☞ گھر کیسا ہے؟

☞ یہ گھر چھوٹا ہے یا بڑا ؟

- بچّے جواب دیں۔ الفاظ اور جملے بتانے میں ٹیچر بچّوں کی مدد کرے۔حسبِ موقع ٹیچر Code Swching اور Code Mixing کا استعمال کرے۔

- ٹیچر بچّوں کے جواب چارٹ کرے۔

چارٹ کرتے وقت صحیح تحریری اسٹروک (Writing Stroke) پر غور کرے تا کہ بچّے لکھنے کا صحیح طریقہ سمجھ سکے۔

جیسے:

☜ یہ گھر ہے۔
☜ یہ اچھا گھر ہے۔
☜ یہ بڑا گھر ہے۔
☜ یہ چھوٹا گھر ہے۔

- بچّوں کو پڑھنے کا موقع دے۔ (Graphic Reading)

☆ ٹیچر ایک لڑکی (نوری) کی تصویر دکھائے اور چند سوال کرے۔

جیسے:

☜ یہ کون ہے؟
☜ یہ لڑکی کیسی ہے؟
☜ اس کا نام کیا ہے ؟

- بچّے جواب دیں۔ ٹیچر چارٹ کرے اور بچّوں کو پڑھنے کا موقع دے۔

جیسے:

☜ یہ ایک لڑکی ہے۔ ☜ یہ اچھی لڑکی ہے۔
☜ یہ نوری ہے۔ ☜ اس کا نام نوری ہے۔
☜ نوری اچھی لڑکی ہے۔ ☜ نوری ننّھی منّھی لڑکی ہے۔
☜ نوری پیاری پیاری لڑکی ہے۔

☆ ٹیچر نوری کی تصویر گھر کے نمونہ پر لگائے اور چند سوال کرے۔

جیسے:

☜ نوری کہاں ہے؟
☜ یہ کس کا گھر ہے؟
☜ نوری کا گھر کیسا ہے؟

● بچّے جواب دیں۔ ٹیچر چارٹ کرے اور بچّوں کو پڑھنے کا موقع دے۔

جیسے:

☜ نوری گھر میں ہے۔ ☜ یہ نوری کا گھر ہے۔
☜ نوری کا گھر اچھا ہے۔ ☜ نوری کا گھر پیارا پیارا ہے۔

● ٹیچر نوری کے ابّا اور امّی کی تصویریں گھر کے نمونہ پر لگائے اور چند سوال کرے۔

جیسے:

☜ یہ کون ہے؟ ☜ یہ کس کا ابّا ہے؟
☜ یہ کس کی امّی ہے؟ ☜ نوری کے ابّا کیسے ہیں؟
☜ نوری کی امّی کیسی ہیں؟

● بچّے جواب دیں۔ ٹیچر چارٹ کرے اور بچّوں کو پڑھنے کا موقع دے۔
(چارٹ کرتے وقت حرف 'الف' کو فوکس کرے۔)

جیسے:

☜ یہ ابّا ہے۔ ☜ یہ نوری کا ابّا ہے۔

☜ نوری کا ابّا اچھا ہے۔ ☜ نوری کا ابّا پیارا پیارا ہے۔
☜ یہ امّی ہے۔ ☜ یہ نوری کی امّی ہے۔
☜ نوری کی امّی اچھی ہے۔ ☜ نوری کی امّی پیاری پیاری ہے۔

☆ ٹیچر زیرو پیج کی تصویر دکھائے اور چند سوال کرے۔




جیسے:

☜ تصویر میں کیا کیا ہیں؟
☜ تصویر میں کون کون ہیں؟

● بچّے تصویر کا مشاہدہ کریں، جواب دیں۔


ٹیچر چارٹ کرے اور بچّوں کو پڑھنے کا موقع دے۔

جیسے :




☜ یہ گھر ہے۔ ☜ یہ بلّی ہے۔
☜ یہ پیڑ ہے۔ ☜ گھر میں ابّا ہے۔
☜ گھر میں امّی ہے۔ ☜ گھر میں بھائی ہے۔
☜ گھر میں دادا ہے۔ ☜ گھر میں دادی ہے۔

☆ ٹیچر بچّوں کو ایک آم کی تصویر دکھائے (فلاش کارڑ) ساتھ ہی لفظ 'آم' چارٹ پر لکھیے اور چند سوال کرے۔




جیسے :

☜ یہ کیا ہے؟

☜ یہ کیسا ہے؟

● بچّے جواب دیں۔ ٹیچر چارٹ کرے اور بچّوں کو پڑھنے کا موقع دے۔
(چارٹ کرتے وقت حرف 'آ' کو فوکس کرے۔)

جیسے:

☜ یہ آم ہے۔

☜ یہ پکّا آم ہے۔


☜ یہ تازہ آم ہے۔

☜ یہ میٹھا آم ہے۔

● ٹیچر بچّوں سے پوچھے کہ 'کیا آپ کو آم پسند ہے؟'
سوال کرتے ہوئے ٹیچر ایک آم کے پیڑ کی تصویر چارٹ پر نمائش کرے اور ایک آم کی تصویر بنا کر لفظ آم لکھے اور پیڑ پر لگائیں۔

● بعد میں ٹیچر بچّوں کو کاغذ اور کرایون بانٹ دے
اور اس طرح ہر ایک بچّے آم کی تصویر بنا کر لفظ آم لکھ کر پیڑ پر لگائے۔

جیسے :




☆ ٹیچر موڈیول کی تصویر (صفحہ نمبر ۸) دکھائے اور کہے کہ

''دیکھیے بچّو! یہ نوری کا گھر ہے۔

نوری کے گھر میں ابّا اور امّی ہیں۔

اجمل نوری کا بھیّا ہے۔

ایک دن نوری کے ابّا بازار گئے۔

شام کو ابّا جان گھر آئے۔ بازار سے آم لائے۔''

- ٹیچر حکایت (صفحہ نمبر۸،۹،۱۰) دو ایک بار فطری انداز میں پیش کرے اور چند تفہیمی سوال کرے۔

جیسے: ☜ ابّا جان کہاں سے آئے؟ ☜ ابّا جان کیا لائے؟

☜ نوری کے پاس کون ہے؟ ☜ دونوں کس کے پاس گئے؟

- بچّے جواب دیں۔ ٹیچر چارٹ کرے اور بچّوں کو پڑھنے کا موقع دے۔
(چارٹ کرتے وقت حرف 'ب' کو فوکس کرے۔)

جیسے:

☜ ابّا جان بازار سے آئے۔ ☜ ابّا جان آم لائے۔

☜ نوری کے پاس اجمل بھیّا ہے۔ ☜ دونوں ابّا جان کے پاس گئے۔

- ٹیچر بچّوں سے کہے کہ ابّا جان کو دیکھ کر نوری خوشی سے گیت گانے لگی۔ آؤ بچّو! ہم بھی یہ گیت مل کر گائیں۔
- ٹیچر گیت 'ابّا آئے' چارٹ / آئی۔سی۔ٹی کے ذریعے نمائش کرے اور دو ایک بار تحتِ لفظی پڑھ کر سنائے۔ بچّے بھی ٹیچر کے ساتھ دہرائیں۔
- ٹیچر چند بچّوں کو نظم 'ابّا آئے' پڑھنے کا موقع دے۔ چند بچّے پڑھ کر سنائیں۔
- ٹیچر بچّوں کو انفرادی طور پر نظم 'ابّا آئے' ترنّم سے پیش کرنے کی ہدایت کرے۔ چند بچّے پیش کریں اور ٹیچر جائزہ کرے۔
- بچّوں کو گھر والوں کے نام سے گروہ بندی کرے۔

جیسے:

ابّا ، امّی ، بھائی ، بہن، دادا، دادی

- بچّے گروہ میں انفرادی طور پر ترنّم سے پیش کریں۔ پھر گروہ میں بیٹھ کر مناسب ترنّم ڈھونڈ نکالیں اور ہر گروہ نظم ترنّم سے پیش کرے۔
- ٹیچرس ورشن کے طور پر ٹیچر بھی خود یا آئی۔سی۔ٹی کی مدد سے نظم ترنّم کے ساتھ پیش

کرے اور بچّے ساتھ دہرائیں۔

☆ ٹیچر صفحہ نمبر ۱۳ کی سرگرمی ۔۲ کی تصویر چارٹ آئی۔سی۔ٹی کے ذریعے دکھائے اور بچّوں کو بلند خوانی سے سنانے کی ہدایت کرے۔

● بعد میں نیچے دیے گیے جملے آئی۔سی۔ٹی یا چارٹ کے ذریعے نمائش کرے اور انفرادی طور پر بلند خوانی کی ہدایت کرے۔

جیسے :

☜ آئے میرے  آئے۔　　☜ آئی میری  آئی۔

☜ آئے میرے  آئے۔　　☜ آئی میری  آئی۔


● ٹیچر نوری کے گھر کی تصویر (صفحہ نمبر ۱۴، تصویر 'نوری کا گھر') چارٹ یا آئی۔سی۔ٹی کے ذریعے دکھائے اور کہے کہ

☜ یہ نوری کا گھر ہے۔

☜ نوری کے گھر میں ابّا ہے۔

☜ نوری کے گھر میں امّی ہے۔

☜ دادا ہے، دادی ہے، بھائی ہے اور بہن ہے۔




● پھر بچّوں سے پوچھے کہ

'بچّو! آپ کے گھر میں کون کون ہیں؟'

● بچّے جواب دیں اور انفرادی طور پر لکھیں۔


(صفحہ نمبر ۱۴، تصویر 'میرا گھر')

جیسے:　　میرا گھر

ابّا　　امّی


دادا　　دادی

بھائی　　بہن




☆ ٹیچر صفحہ نمبر ۱۴ کی دوسری سرگرمی کے جملوں سے فلاش کارڈ تیار کرے۔


جیسے :





- پھر بچّوں کو گروہ بندی کرے۔ ہر ایک گروہ میں چار بچّے ضروری ہیں۔ پھر ہر ایک گروہ میں ایک ایک جملے کا فلاش کارڈز بانٹ دے۔
- بچّوں کو ہدایت کرے کہ ہر گروہ اپنے اپنے جملے صحیح طور پر دکھائیں تا کہ ٹھیک سے پڑھ سکے۔
- ٹیچر جائزہ کرے اور سب سے پہلے صحیح طور پر دکھانے والے گروہ کو انعام بھی دے۔
- بچّوں کو ہدایت کرے کہ یہ زبانی کھیل کی مدد سے درسی کتاب کی سرگرمی مکمّل کرے۔

☆　ٹیچر بچّوں کو 'آم' اور 'انار' دکھائے اور چند سوال کرے۔

جیسے: ☜ یہ کیا ہے؟
☜ یہ کیسا ہے؟
☜ اس کا رنگ کیا ہے؟




- بچّے جواب دیں، ٹیچر چارٹ کرے اور پڑھنے کا موقع دے۔

جیسے: ☜ یہ آم ہے۔ ☜ یہ انار ہے۔
☜ یہ اچھا آم ہے۔ ☜ یہ اچھا انار ہے۔
☜ یہ میٹھا آم ہے۔ ☜ یہ میٹھا انار ہے۔
☜ اس کا رنگ پیلا ہے۔ ☜ اس کا رنگ لال ہے۔

- ٹیچر بچّوں کو A4 Paper بانٹ دے۔ 'آم' اور 'انار' کی تصویر بنانے، رنگ بھرنے اور جملے لکھنے کی ہدایت کرے۔ ٹیچر جائزہ کرے۔
- بعد میں ٹیچر بچّوں سے کہے کہ درسی کتاب کی تصویر (صفحہ نمبر ۱۵ پہلی سرگرمی) رنگ بھریں اور جملے لکھیں۔

☆ ٹیچر بچّوں کے سامنے ایک چارٹ پر نیچے دیے گئے الفاظ لکھ کر پیش کرے۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| انار | آلو | آم | امّی |
| آج | امرود | آگ | ابّا |

- لکھتے وقت ان الفاظ کا فرق ('ا'، 'آ') بتاتے ہوئے بلند آواز میں پڑھ کر سنائے۔ بچّے بھی ساتھ دہرائیں۔
- بعد میں بچّے ان الفاظ کو انفرادی طور پر مناسب خانوں میں لکھیں اور ان الفاظ کی مدد

سے جملے بنائیں۔ جیسے:

| ا | آ |
|---|---|
| انار | آلو |
| امرود | آم |
| ابّا | آگ |
| امّی | آج |

☜ یہ انار ہے۔ ☜ یہ آم ہے۔

☜ یہ امّی ہے۔ ☜ یہ آلو ہے۔

- بچّے 'میری پیاری کتاب' میں لکھیں اور ٹیچر ہر بچے کا جائزہ لے۔

☆ ٹیچر امّی کے بارے میں لکھا ہوا گیت چارٹ پر نمائش کرے اور ترنّم کے ساتھ پیش کرے۔ بچّے ساتھ دہرائیں۔

جیسے:

امّی امّی آؤنا
مجھ کو دودھ پلاؤنا
پیاری امّی آؤنا
مجھ کو لوری سناؤنا
ابّا ابّا آؤنا

اچھی گڑیا لاؤنا


پیارے ابّا آؤنا

چاند کو ساتھ میں لاؤنا

- ٹیچر امّی اور ابّا کے بارے میں لکھی گئی چھوٹی چھوٹی نظمیں اور گیت گوشہء مطالعہ میں مہیّا کرے۔ بچّے پسندیدہ گیت چن کر 'میرا گلشن' میں لکھے اور ترنّم سے پیش کریں۔
- ٹیچر 'میرا گلشن' کا جائزہ لے۔

☆ ٹیچر بچّوں کو ایک گھر کی تصویر (WorkSheet) بانٹ دے۔ رنگ بھرنے، الفاظ اور جملے لکھنے کی ہدایت کرے۔

جیسے :




☜ یہ گھر ہے۔
☜ میرا گھر اچھا ہے۔
☜ گھر میں امّی ہے۔
☜ گھر میں دادی ہے۔

☜ یہ میرا گھر ہے۔
☜ میرا گھر پیارا ہے۔
☜ گھر میں ابّا ہے۔
☜ گھر میں دادا ہے۔

- بچّے 'میری پیاری کتاب' میں لکھیں اور ٹیچر ہر بچے کا جائزہ لے۔

یونٹ ۱

موڈیول ۲

# گھر بسائیں

## سبق کا نام : آپ کیسے ہیں؟
## ڈسکورس : گفتگو

## آموزشی مقاصد

- گھر والے آپس میں مل جل کر رہتے ہیں۔
- گھر اور اس کے آس پاس مختلف جانور اور پرندے رہتے ہیں۔
- گھر اور ماحول سے متعلقہ چھوٹی چھوٹی گفتگو سن کر اور پڑھ کر مفہوم سمجھتا ہے۔
- محل و موقع کے مطابق موضوع سے متعلقہ چھوٹی چھوٹی گفتگو کرتا ہے۔
- موضوع سے متعلقہ چھوٹی چھوٹی گفتگو تیار کرتا ہے۔
- موضوع سے متعلقہ چھوٹی چھوٹی گفتگو رول پلے کے ذریعے پیش کرتا ہے۔
- پیار و محبت، بھائی چارگی، باہمی تعاون، دوستی جیسے اقدار اور رویّے حاصل ہوتے ہیں۔

## تعلیمی سرگرمیاں / حکمتِ عملیاں

- گھر اور ماحول سے متعلقہ چھوٹی چھوٹی گفتگو سننا۔
- موضوع سے متعلقہ چھوٹی چھوٹی گفتگو پڑھنا۔
- محل و موقع کے مطابق موضوع سے متعلقہ چھوٹی چھوٹی گفتگو کرنا۔
- موضوع سے متعلقہ چھوٹی چھوٹی گفتگو تیار کرنا۔
- موضوع سے متعلقہ چھوٹی چھوٹی گفتگو رول پلے کرنا۔

## وسائلِ تعلیم

- خاندانی پیڑ (Family Tree)
- نوری کے گھر کی تصویر
- حکایت کی تصویر
- درسی کتاب کی تصویر
- دو کٹ پُتلی
- فلاش کارڈ

## تخلیقات


- خاندانی پیڑ (Family Tree)
- سوالوں کے جواب
- رول پلے
- تعارف کے جملے
- کٹ پُتلی کی پیش کش
- گفتگو
- چھوٹے چھوٹے جملے

**وقت** : ۱۰ پریڈ

# پیش کش

☆ ٹیچر بچّوں کو ایک Family Tree کی تصویر دکھائے اور کہے کہ

جیسے:




☜ بچّو! اس پیڑ میں گھر والے ہیں، وہ کون کون ہیں؟

- بچّے جواب دیں۔حسبِ موقع ٹیچر مدد کرے۔
- بعد میں ٹیچر بچّوں سے پوچھے کہ

☜ آپ کے گھر میں کون کون ہیں؟

- بچّے انفرادی طور پر جواب دیں اور اپنے اپنے Family Tree تیار کریں۔

☆ ٹیچر ایک تصویر دکھائے۔ جس میں نوری، چاچا اور گھر ہو۔

- بچّوں سے کہے کہ

☜ یہ نوری کا گھر ہے۔

☜ گھر میں نوری کے چاچا ہیں۔

☜ چاچا نوری کو بہت پیار کرتا ہے۔

● اس کے بعد ٹیچر حکایت کی تصویر دکھائے اور چند سوال کرے۔

جیسے:

☜ تصویر میں کون کون ہیں؟　　☜ نوری کیا کر رہی ہے؟

☜ امّی کہاں ہے؟　　☜ دور سے کون آتے ہیں؟

● بچّوں کے جواب ٹیچر چارٹ کرے اور پڑھنے کا موقع دے۔

جیسے:

☜ تصویر میں نوری ہے۔　　☜ تصویر میں امّی ہے۔

☜ تصویر میں چاچا ہے۔　　☜ تصویر میں بلّی ہے۔

☜ نوری بلّی کے ساتھ کھیلتی ہے۔　　☜ امّی آنگن میں ہے۔

☜ دور سے چاچا آتے ہیں۔

☆ ٹیچر سبق 'آپ کیسے ہیں؟' دو ایک بار فطری انداز میں پیش کرے اور چند سوال کرے۔

جیسے:

☜ چاچا کو دیکھ کر نوری نے کیا کہا؟

☜ چاچا نے نوری کو کیا جواب دیا؟

☜ چاچا نوری کے لیے کیا لایا؟

☜ مٹھائی لے کر نوری نے کیا کہا؟

● بچّے سبق غور سے پڑھیں اور انفرادی طور پر سوالوں کے جواب دیں۔ ٹیچر چارٹ کرے اور پڑھنے کا موقع دے۔ ٹیچر حسبِ موقع بچّوں کی مدد کرے۔

جیسے:

| | |
|---|---|
| ☜ آداب چاچا! | ☜ آپ کیسے ہیں؟ |
| ☜ آداب بیٹی! | ☜ میں ٹھیک ہوں۔ |

☆ ٹیچر مونو ایکٹ کے ذریعے سبق 'آپ کیسے ہیں؟' پیش کرے۔ بچّوں کو نوری اور چاچا کے نام پر جوڑ بنائے اور گفتگو رول پلے کے ذریعے پیش کرنے کا موقع دے۔ ٹیچر بچّوں کی کارکردگی کا جائزہ لے۔

☆ ٹیچر چند سوال چارٹ پر لکھ کر نمائش کرے۔(صفحہ نمبر ۲۰، سرگرمی ۲)

جیسے:

☜ نوری کہاں ہے؟

☜ نوری کے گھر میں کون آئے؟

☜ چاچا، نوری کے لیے کیا لایا؟

● بچّے انفرادی طور پر ان سوالوں کے جواب تیار کرے۔ چند بچّے پیش کرے اور ٹیچر جائزہ لے۔

جیسے : ☜ نوری آنگن میں ہے۔

☜ نوری کے گھر میں چاچا آیا۔

☜ چاچا نوری کے لیے مٹھائی لایا۔

- بچّوں کو گھر والوں کے نام پر گروہ کرے۔
- گروہ چرچا کے بعد سوالوں کے جواب بہتر بنائیں، ہر ایک گروہ پیش کریں اور 'میری پیاری کتاب' میں لکھیں۔ ٹیچر 'میری پیاری کتاب' کا جائزہ لے۔

☆ ٹیچر نوری کی تصویر اور چند جملے چارٹ پر نمائش کرے۔

جیسے:




- ٹیچر دو ایک بار جملے پڑھ کر سنائے اور بچّے بھی ساتھ دہرائیں۔
- بعد میں ٹیچر بھی اسی طرح اپنا تعارف کرے۔

جیسے: ☜ میں..................ہوں۔

☜ میں پانچویں جماعت میں پڑھتا ہوں۔

☜ میں گاؤں میں رہتی ہوں۔

☜ میرے گھر میں ..................... ہیں۔

☜ ..................... میرا دوست ہے۔

- بعد میں ٹیچر بچّوں سے اپنے بارے میں اسی طرح چند جملے لکھ کر پیش کرنے کو کہے۔
- بچّے انفرادی طور پر چند جملے تیار کر کے پیش کرے۔ ٹیچر حسبِ موقع بچّوں کی مدد کرے۔

☆ ٹیچر Puppetry کے ذریعے صفحہ نمبر ۲۱ کی پہلی سرگرمی پیش کرے اور بچّوں کو غور سے سننے کا موقع دے۔

جیسے:

☜ آپ کا نام کیا ہے؟

میرا نام.........................................ہے۔

☜ آپ کا گھر کہاں ہے؟

میرا گھر .................................. ہے۔

☜ آپ کس کلاس میں پڑھتے ہیں؟

میں پانچویں جماعت میں ....................ہوں۔

☜ آپ کے گھر میں کون کون ہیں؟

میرے گھر میں.........................................ہیں۔

☜ آپ کا دوست کون ہے؟

.......................................................ہے۔

- بعد میں بچّوں کو لوٹ کے ذریعے جوڑ بنادے اور ہر جوڑ کو آپس میں بات جیت کرنے کا موقع دے۔
- ٹیچر حسبِ موقع مدد کرے اور جائزہ لے۔

☆ ٹیچر صفحہ نمبر ۲۱ کے دوسری سرگرمی چارٹ پر لکھ کر نمائش کرے اور فطری انداز میں پڑھ کر سنائیں۔ بچّے بھی ساتھ دہرائیں۔

- چند بچّوں کو پڑھ کر سنانے کا موقع دے۔
- ٹیچر کلاس کے ہر ایک بچّے کا نام ایک ایک کارڈ پر لکھے۔ کلاس کے تمام لڑکیوں کی تعداد کے مطابق ایک ایک کارڈ پر لفظ 'لڑکی' لکھے۔ اسی طرح لفظ 'لڑکا' بھی لکھے۔ یہ تمام کارڈ ٹیچر میز پر رکھے۔
- بعد میں ٹیچر دو ایک چارٹ پر نیچے دیے گئے جملے لکھ کر دیوار پر لگائے۔

جیسے:

میں...........ہوں۔ میں ایک ............ ہوں۔

- پھر ٹیچر اپنا کارڈ اٹھائے اور جملے پورا کرے۔

جیسے:

میں رحیم ہوں۔ میں ایک لڑکا ہوں۔

- اسی طرح ہر بچّے کو اپنا اپنا کارڈ اٹھا کر جملے پورا کرنے کا موقع دے۔

جیسے: میں راجو ہوں۔ میں ایک لڑکا ہوں۔

میں رانی ہوں۔ میں ایک لڑکی ہوں۔

● پھر ہر بچّے کو چارٹ پر لکھے ہوئے جملے پڑھ کر سنانے اور 'میری پیاری کتاب' میں لکھنے کا موقع دے۔

☆ ٹیچر درسی کتاب کی تصویر دکھائے۔ (صفحہ نمبر ۲۲) اور چند سوال کرے۔

جیسے:

☜ تصویر میں کیا کیا ہے؟

☜ گیند کہاں ہے؟

☜ گھر کے آنگن میں کون کون ہیں؟

● بچّے جواب دیں۔ ٹیچر چارٹ کرے اور پڑھنے کا موقع دے۔

جیسے :

☜ تصویر میں نوری ہے۔ ☜ تصویر میں گھر ہے۔

☜ گیند آنکن میں ہے۔ ☜ گھر کے آنگن میں نوری، بلّی اور گیند ہیں۔

☆ بعد میں ٹیچر صفحہ ۲۲ کی سرگرمی پڑھ کر سنائے۔

☜ یہ نوری کا گھر ہے۔ نوری آنگن میں ہے۔

نوری کے پاس بلّی ہے۔ نوری کے ہاتھ میں مٹھائی ہے۔

● بعد میں ٹیچر سرگرمی کے سوال چارٹ پر لکھ کر نمائش کرے۔

جیسے: ☜ یہ کس کا گھر ہے؟

☜ نوری کے پاس کون ہے؟

☜ نوری کے ہاتھ میں کیا ہے؟

- بچّے انفرادی طور پر سوالوں کے جواب تیار کرے اور پیش کرے۔
- ٹیچر بچّوں کے جواب کا جائزہ لے۔

| |
|---|
| کیا ، کون، کہاں جیسے استفہامیہ الفاظ استعمال کرکے زیادہ سے زیادہ جملے سنائیں۔ |

- ٹیچر صفحہ نمبر ۲۳ کی تصویروں کے فلاش کارڈ بنائے اور فلاش کارڈ کی ایک طرف تصویر اور دوسری طرف نام ہو۔
- ٹیچر فلاش کارڈ کی مدد سے تصویروں کا تعارف کرائے۔ بچّے بھی ساتھ دہرائیں اور ساتھ ہی ٹیچر چارٹ پر لکھے۔

جیسے: ☜ یہ بکری ہے۔ ☜ یہ پتنگ ہے۔

- ان جملوں کی مدد سے بچّے اپنی درسی کتاب کی ( صفحہ نمبر ۲۳) سرگرمی پورا کرے۔
- بچّوں کو صفحہ نمبر ۲۳ کے سرگرمی کی تصویروں کے نام پر گروہ کرے۔
- ان تصویروں کے فلاش کارڈ گروہ میں بانٹ دے۔
- بچّے گروہ میں چرچا کرکے ان الفاظ کے حروف کی مدد سے زیادہ سے زیادہ الفاظ بنائیں اور جملے تیار کرکے پیش کرے۔

جیسے:

☜ یہ میری بکری ہے۔

☜ یہ میرا پتنگ ہے۔

- بچّے میری پیاری کتاب میں تصویریں بناکر رنگ بھریں اور جملے لکھے۔
- استاد بچّوں کی 'میری پیاری کتاب' کا جائزہ کرلے۔

یونٹ ا

موڈیول ۳

# گھر بسائیں

## سبق کا نام : میرا گھر

## ڈسکورس : بیانیہ

## آموزشی مقاصد

- ❖ ہر ایک جاندار کا اپنا اپنا گھر ہوتا ہے۔
- ❖ گھر والے آپس میں پیار و محبت سے رہتے ہیں۔
- ❖ گھر میں طرح طرح کی گھریلو چیزیں ہوتی ہیں۔
- ❖ گھر اور اس کے آس پاس مختلف جانور اور پرندے ہوتے ہیں۔
- ❖ گھر اور ماحول سے متعلقہ چھوٹے چھوٹے بیانیے سن کر اور پڑھ کر مفہوم سمجھتا ہے۔
- ❖ موضوع سے متعلقہ چھوٹے چھوٹے بیانیے صحیح لب و لہجہ ، وضاحت اور روانی کے ساتھ پڑھتا ہے۔
- ❖ موضوع سے متعلقہ چھوٹے چھوٹے بیانیے تیار کر کے پیش کرتا ہے۔
- ❖ پیار و محبت، بھائی چارگی، باہمی تعاون جیسے اقدار اور رویّے حاصل ہوتے ہیں۔

## تعلیمی سرگرمیاں / حکمتِ عملیاں

- ❖ گھر اور ماحول سے متعلقہ چھوٹے چھوٹے بیانیے سننا۔
- ❖ موضوع سے متعلقہ چھوٹے چھوٹے بیانیے صحیح لب و لہجہ ، وضاحت اور روانی کے ساتھ پڑھنا۔
- ❖ موضوع سے متعلقہ چھوٹے چھوٹے بیانیے تیار کر کے پیش کرنا۔

## وسائلِ تعلیم

- ❖ گھر کی تصویر
- ❖ جوزف اور سونی کی تصویریں
- ❖ چارٹ سے بنایا ہوا دروازہ
- ❖ نوری کی تصویر
- ❖ نوری کے ابّا اور امّی کی تصویریں
- ❖ موڈیول کی تصویر
- ❖ گھریلو چیزوں کی تصویریں
- ❖ فلاش کارڈ
- ❖ جانوروں کے ماسک

## تخلیقات

- ❖ گھر کے بارے میں جملے
- ❖ جانوروں کے ماسک
- ❖ جانور اور پرندے پر جملے
- ❖ ورک شیٹ (صفحہ نمبر ۲۹)
- ❖ گھریلو چیزوں کے بارے میں جملے
- ❖ میرا گلشن ( گھریلو چیزوں کی تصویریں)

# پیش کش

☆ ٹیچر چارٹ پر ایک گھر کی تصویر لگائے اور کہے کہ

☜ بچّو! یہ نوری کا گھر ہے۔

- بعد میں نوری کی تصویر لگائے اور کہے کہ

☜ نوری آنگن میں ہے۔

- پھر جوزف اور سونی کی تصویر گھر سے کچھ دور پر لگائے اور کہے کہ

☜ دیکھو بچّو! یہ کون آرہا ہے؟

اچھا! جوزف آرہا ہے۔

☜ جوزف کے ساتھ کون ہے؟

جوزف کے ساتھ چھوٹی بہن سونی ہے۔

- بعد میں ٹیچر پوچھے کہ

☜ جوزف کون ہے؟

- یہ سوال کرتے ہوئے حکایت (صفحہ نمبر ۲۴ ) فطری انداز میں پیش کرے۔
- بعد میں ٹیچر سبق 'میرا گھر' کی تصویر کی مدد سے فطری انداز میں دو ایک بار پیش کرے اور چند تفہیمی سوالات چارٹ پر لکھ کر پیش کرے۔

جیسے:

☜ نوری کا گھر کیسا ہے؟

☜ نوری کے گھر میں کون کون ہیں؟

- بچے سبق غور سے پڑھیں اور سوالوں کے جواب دیں۔
- ٹیچر چارٹ کرے اور بچّوں کو پڑھنے کا موقع دے۔

جیسے:

☜ نوری کا گھر چھوٹا ہے۔

☜ نوری کا گھر پیارا پیارا ہے۔

☜ نوری کے گھر میں امّی اور ابّا ہیں۔

☜ نوری کے گھر میں دادا اور دادی ہیں۔

☜ نوری کی ایک چھوٹی بہن ہے۔

- بعد میں بچّوں کی گروہ بندی کرے۔ بچّے گروہ میں بیٹھ کر سوالوں کے جواب (صفحہ نمبر ۲۶ سرگرمی ۱) بہتر بنائیں اور پیش کریں۔ ٹیچر جائزہ لے۔

☆ ٹیچر ایک بچّے کو نوری کا ماسک بنائے اور کہے کہ

''بچّو! یہ نوری ہے۔ نوری اپنے گھر کے بارے میں کچھ کہہ رہی ہے، سنیے۔

- بچّو! سبق 'میرا گھر' فطری انداز میں پڑھ کر سنائے۔
- اسی طرح ہر بچّہ کو پڑھنے کا موقع دے۔ استاد جائزہ کرلے۔

☆ ٹیچر دیوار / بورڈ پر چارٹ لگائے۔

- چارٹ کی دونوں طرح آدھا آدھا چارٹ دروازے کے لیے لگائے۔
- ٹیچر دروازہ کھول کر نوری کا کمرہ دکھائے اور کہے

☜ یہ نوری کا کمرہ ہے۔

- بعدمیں ٹیچر ایک پلنگ کی تصویر لگائے اور کہے۔

☜ یہ پلنگ ہے۔

☜ کمرے میں پلنگ ہے۔

- بعد میں ٹیچر الماری کی تصویر چارٹ پر لگائے اور کہے۔

☜ یہ الماری ہے۔

☜ کمرے میں الماری ہے۔

- اس طرح میز اور کرسی کی تصویریں چارٹ پر لگائے اور کہے۔

☜ یہ میز اور کرسی ہیں۔

☜ کمرے میں میز اور کرسی ہیں۔

- پھر ایک گھڑی کی تصویر چارٹ پر لگائے اور کہے۔

☜ یہ گھڑی ہے۔

☜ دیوار پر گھڑی ہے۔

- ٹیچر ایک پنکھے کی تصویر چارٹ پر لگائے اور کہے۔

☜ یہ پنکھا ہے۔

☜ چھت پر پنکھاہے۔

- ٹیچر ایک گیند کی تصویر چارٹ پر لگائے اور کہے۔

☜ یہ گیند ہے۔

☜ پلنگ کے پاس گیند ہے۔

- ٹیچر بچّوں سے( صفحہ نمبر ۲۷) کی گھریلو چیزوں کے نام انفرادی طور پر پڑھنے کی ہدایت کرے۔ چند بچّوں کو پیش کرنے کا موقع دے۔
- بعد میں بچّے انفرادی طور پر ان الفاظ کی مدد سے جملے پورا کرے اور درسی کتاب میں لکھے۔ استاد جائزہ لے۔

☆ ٹیچر صفحہ نمبر ۲۸ کی پہلی سرگرمی چارٹ / آئی-سی-ٹی کی مدد سے نمائش کرے اور پڑھ کر یا گا کر سنائے۔ بچّے بار بار دہرائیں۔

پڑھتے وقت 'میرا، میری' جیسے الفاظ پر زیادہ زور دے۔

☜ یہ میرے ابّا ہے۔　　☜ یہ میری امّی ہے۔

☜ یہ میرا بھائی ہے۔　　☜ یہ میری بہن ہے۔

- ٹیچر نیچے دیے گئے جملے چارٹ / آئی-سی-ٹی کے ذریعے نمائش کرے۔

☜ یہ ............... ابّا ہے۔　　☜ یہ........... امّی ہے۔

☜ یہ ...............بھائی ہے۔　　☜ یہ...........بہن ہے۔

☜ یہ ...............گیند ہے۔　　☜ یہ...........ٹوپی ہے۔

- بعد میں ٹیچر لفظ 'میرا ، میری ، میرے' کارڈ پر لکھے اور بچّوں سے کہے کہ صحیح لفظ چن کر اوپر دئے گئے جملے پورا کرے۔
- بچّے جملے تیار کرکے 'میری پیاری کتاب' میں لکھیں اور ٹیچر بچّوں کا جائزہ لے۔
- ٹیچر بکرا ، بکری ، مرغا ، مرغی ، بیل اور گائے وغیرہ کے فلاش کارڈ بچّوں میں بانٹ

دے۔

- ٹیچر بکرا اور بکری کے فلاش کارڈ دکھائے اور کہے کہ
  - ☜ یہ میرا بکرا ہے۔
  - ☜ یہ میری بکری ہے۔
- پھر بچّوں سے کہے کہ ہر بچّے انفرادی طور پر فلاش کارڈ دکھا کر جملہ کہے۔

جیسے :

  - ☜ یہ میرا مرغا ہے۔
  - ☜ یہ میری گائے ہے۔
- بعد میں ہر بچّے انفرادی طور پر صفحہ نمبر ۲۸ کی سرگرمی ۲ پورا کرے۔
- صفحہ نمبر ۲۹ کی پہلی سرگرمی، ج چ ح خ حروف کو پہچاننے کے لیے ہے۔ اس لیے ٹیچر کو چاہیے کہ ان حروف کی صحیح تحریری شکل پر زور دے۔
- ٹیچر صفحہ نمبر ۲۸ کی پہلی سرگرمی کی تصویریں دکھائے اور کہے کہ

جیسے :

  - ☜ یہ جوتا ہے۔
  - ☜ یہ جگ ہے۔
- بعد میں بچّوں سے کہے کہ انفرادی طور پر درسی کتاب کی تصویروں کو رنگ بھریں اور جملے پورا کرے۔
- پھر ٹیچر بچّوں سے کہے کہ صفحہ نمبر ۲۹ کی پہلی سرگرمی کی تصویریں بنائے اور دیواری

میگزن تیار کریں۔

☆ ٹیچر چمچہ ، برتن ، رکابی ، کڑائی جیسے گھر یلو چیزوں کی تصویریں دکھائے اور کہے۔

جیسے:

☜ یہ چمچہ ہے۔

☜ یہ کڑائی ہے۔

● بعد میں بچّوں سے کہے کہ اسی طرح کی گھر یلو چیزوں کی تصویریں جمع کرکے 'میرا گلشن' میں لگائیں اور ان کے نام لکھیں۔

جھاڑو ، چاقو ' پیالہ ، چمچہ ، چائے دانی ، بالٹی ، صوفہ ، کچڑا دان ، کنگھی ، قینچی ، آئینہ ، الماری ، کرسی ، چولھا ، صابن ، صابن دان وغیرہ۔

یونٹ ۱

موڈیول ۴

# گھر بسائیں

## سبق کا نام : میاؤں میاؤں

## ڈسکورس : نظم

## آموزشی مقاصد

- گھر اور اس کے آس پاس مختلف جانور اور پرندے رہتے ہیں۔
- گھر اور ماحول (پالتو جانور) سے متعلقہ چھوٹی چھوٹی نظمیں ، گیت سن کر اور پڑھ کر لطف اندوز ہوتا ہے۔
- موضوع سے متعلقہ چھوٹی چھوٹی نظمیں ، گیت مناسب ترنّم کے ساتھ پیش کرتا ہے۔
- موضوع سے متعلقہ چھوٹی چھوٹی نظمیں ، گیت سن کر اور پڑھ کر ہم آواز الفاظ پہچانتا ہے اور لکھتا ہے۔
- موضوع سے متعلقہ چھوٹی چھوٹی نظمیں ، گیت سن کر اور پڑھ کر مطلب سمجھتا ہے اور جملے لکھتا ہے۔
- مماثل نظمیں ، گیت جمع کر کے ترنّم کے ساتھ پیش کرتا ہے۔
- دوستی ، انسانیت ، جانوروں سے پیار جیسے اقدار اور رویّے حاصل ہوتے ہیں۔

# تعلیمی سرگرمیاں ر حکمتِ عملیاں

- گھر اور ماحول (پالتو جانور) سے متعلقہ چھوٹی چھوٹی نظمیں اور گیت سننا۔
- موضوع سے متعلقہ چھوٹی چھوٹی نظمیں ، گیت مناسب ترنّم کے ساتھ پیش کرنا۔
- موضوع سے متعلقہ چھوٹی چھوٹی نظمیں ، گیت سن کر اور پڑھ کر ہم آواز الفاظ پہچانتا ہے اور لکھنا اور پیش کرنا۔
- موضوع سے متعلقہ چھوٹی چھوٹی نظمیں ، گیت سن کر اور پڑھ کر مطلب سمجھنا اور جملے لکھنا۔
- مماثل نظمیں ، گیت جمع کر کے ترنّم کے ساتھ پیش کرنا۔

# وسائلِ تعلیم

- بلّی کی تصویر
- حکایت کی تصویر
- نظم 'میاؤں میاؤں چارٹ
- بلّی کے بارے میں گیت
- اشعار کا چارٹ
- جناوروں کے ماسک
- فلاش کارڈ
- موڈیول کی تصویر
- پالتو جانوروں کے بارے میں مماثل نظمیں ، گیت

**وقت** : ۸ پریڈ

# تخلیقات

- ❖ لطف اندوزی ❖ مختلف ترنّم
- ❖ بلّی کی تصویر ❖ بلّی کے بارے میں جملے
- ❖ ہم آواز الفاظ ❖ ماسک
- ❖ پالتو جانوروں کے جملے ❖ ورک شیٹ (صفحہ نمبر ۳۵)
- ❖ مماثل نظمیں یا گیت

# پیش کش

☆ ٹیچر بچّوں کو ایک بلی کی تصویر دکھائے اور کہے کہ

☜ بچو! یہ بلّی ہے۔

☜ بلّی کا نام لالی ہے۔

☜ یہ نوری کی پیاری پیاری بلّی ہے۔

- بعد میں ٹیچر بچوں سے بلی کے بارے میں ایک گیت گانے کو کہے۔
بچّے گیت پیش کریں۔
- ٹیچر بھی بلی کے بارے میں ایک گیت سنائے۔

جیسے:

എന്റെ ലാലി പൂച്ച
ചന്തമുള്ള പൂച്ച
നീല നയനമുള്ളവൾ
ചന്തമുള്ള പൂച്ച

നേരം പുലരും മുമ്പേ
എന്റെ ചാരത്തണയും
പമ്മി പമ്മി നടന്നിടും
മ്യാവൂ മ്യാവൂ ചൊല്ലീടും
എന്റെ സ്വന്തം പൂച്ച
ചന്തമുള്ള പൂച്ച

- بچّے بھی ساتھ گائیں۔

☆ ٹیچر حکایت کی تصویر دکھائے اور چند سوال کرے۔

☜ تصویر میں کون کون ہیں؟
☜ امّی کیا کر رہی ہے؟
☜ نوری کی گود میں کون ہے؟
☜ بچّے کیا کر رہے ہیں؟

- بچے جواب دیں۔ ٹیچر چاٹ کرے اور بچوں کو پڑھنے کا موقع دے۔

جیسے:

☜ تصویر میں امّی اور بچّے ہیں۔
☜ امّی چائے پلا رہی ہے۔
☜ نوری کی گود میں بلّی ہے۔
☜ بچے چائے پیتے ہیں۔

- بعد میں ٹیچر حکایت فطری انداز میں دو ایک بار پیش کرے۔

☆ ٹیچر نظم 'میاؤں میاؤں' چارٹ یا آئی سی ٹی کی مدد سے نمائش کرے اور دو ایک بار

تحتِ لفظی پڑھ کر سنائے۔ بچے بھی ساتھ دہرائیں۔

- چند بچّوں کو انفرادی طور پر نظم 'میاؤں میاؤں' تحتِ لفظی پڑھنے کا موقع دے۔
- پھر ٹیچر بچوں سے نظم انفرادی طور پر ترنم کے ساتھ پیش کرنے کو کہے۔
- چند بچے انفرادی طور پر نظم پیش کریں۔ ٹیچر جائزہ لے۔
- ٹیچر بچوں کو پالتو جانور کے نام سے گروہ کرے۔

جیسے:

بکرا، بکری، گائے، بیل

- بچّے گروہ میں بیٹھ کر نظم کے لیے مناسب ترنم ڈھونڈ نکالے۔ اور ہر گروہ نظم ترنم سے پیش کریں۔ ٹیچر ہر گروہ کا جائزہ لے۔
- ٹیچر ورشن کی طور پر ٹیچر خود یا آی۔سی ۔ٹی کی مدد سے نظم ترنم سے پیش کرے۔ بچے ساتھ دہرائیں۔

☆ ٹیچر چند سوال چارٹ پر نمائش کریں۔ (صفحہ نمبر ۲۳ - سرگرمی ۲)

جیسے:

☜ نوری کی بلّی کا نام کیا ہے؟

☜ بلّی کی آنکھیں کیسی ہے؟

☜ بلّی کیا کرتی ہے؟

- بچے انفرادی طور پر نظم پڑھ کر سوالوں کے جواب ڈھونڈے نکالے۔ ٹیچر حسبِ موقع مدد کرے۔

- بچے گروہ میں بیٹھ کر جواب بہتر بنائیں۔ ہر ایک گروہ پیش کریں اور 'میری پیاری کتاب' میں لکھیں۔

جیسے:

☜ نوری کی بلّی کا نام لالی ہے۔

☜ بلّی کی آنکھیں نیلی نیلی ہیں۔

☜ بلّی میاؤں میاؤں کرتی ہے۔

- ٹیچر ہر گروہ کا جائزہ لے۔

☆ ٹیچر نیچے دیے گئے شعر چارٹ پر نمائش کرے اور تال کے ساتھ پیش کرے۔ (صفحہ نمبر ۲۳ - سرگرمی - ۳)

جیسے:

☜ ہر جا چلتی پھرتی ہے۔

☜ میاؤں میاؤں کرتی ہے۔

- ٹیچر شعر کو پیش کرتے وقت، چلتی، پھرتی، کرتی جیسے ہم آواز الفاظ کے نیچے لکیر کھینچ لے اور بچّے بار بار دہرائیں۔
- بعد میں ٹیچر نظم 'میاؤں میاؤں' چارٹ یا آئی سی ٹی کی مدد سے نمائش کرے اور بچوں سے کہے کہ انفرادی طور پر ہم اواز الفاظ ڈھونڈ نکالے۔
- چند بچّے پیش کریں اور ٹیچر جائزہ لے۔
- بعد میں ٹیچر بچوں کو گروہ بنائیں۔ ہر گروہ اپنے ہم آواز الفاظ کو بہتر بنائیں اور پیش

کریں۔ ٹیچر جائزہ لے۔

☆ ٹیچر صفحہ نمبر۳۳ کی سرگرمی ۲ کے اشعار ترنّم کے ساتھ گائے۔ بچّے بھی ساتھ دہرائیں۔

● ٹیچر بچّوں سے کہے کہ اس نظم میں چند ہم آواز الفاظ آئے ہیں، انہیں چن کر لکھیں۔

● چند بچّے پیش کریں اور ٹیچر جائزہ لے۔ بچّے ہم آواز الفاظ 'میری پیاری کتاب' میں لکھیں۔

☆ ٹیچر صفحہ نمبر۳۳ پہلی سرگرمی کی ورک شیٹ سب بچوں کو بانٹ دے اور نقطوں کو جوڑ کر تصویر پورا کرکے چھپا ہوا جانور کا نام لکھ کر پیش کرنے کو کہے۔

● بعد میں 'الف سے ذ' تک کے حروف کو پہچاننے کے لیے نقطوں کے پاس چھپے ہوئے حروف لکھنے کی ہدایت کرے۔

● ٹیچر چند سوال کرے۔

جیسے :

☜ اس تصویر میں کون چھپا ہوا ہے؟

☜ اس کا نام کیا ہے۔

☜ کون میاؤں میاؤں کرتی ہے؟

☜ بلّی کی آنکھیں کیسی ہے؟

● بچّے جواب دیں، ٹیچر چارٹ کرے اور بچّوں کو پڑھنے کا موقع دے۔

جیسے:

☜ اس تصویر میں بلّی چھپا ہوا ہے۔

☜ اس کا نام لالی ہے۔
☜ بلّی میاؤں میاؤں کرتی ہے۔
☜ بلّی کی آنکھیں نیلی نیلی ہیں۔

- ٹیچر بچّوں سے کہے کہ ان جملوں کی مدد سے صفحہ نمبر ۳۳ کی پہلی سرگرمی کے جملے پورا کرے۔ بچّے اپنی درسی کتاب میں لکھیں اور ٹیچر جائزہ لے۔

☆ ٹیچر چند پالتو اور جنگلی جانوروں کے ماسک تیار کرے۔

جیسے:

کتّا، شیر، خرگوش، بلّی، بندر اور بکری وغیرہ

- ٹیچر خود بلّی کا ماسک پہن کر کہے کہ

☜ میں بلّی ہوں۔
☜ میں ایک پالتو جانور ہوں۔
☜ میں میاؤں میاؤں کرتی ہوں۔
☜ میرا رنگ سفید ہے۔

- بچوں کو ماسک بانٹ دے۔ بچے بھی اسی طرح ماسک پہنیں اور اپنے بارے میں بتائیں۔
- بعد میں ٹیچر دو Paper A4 لے۔ ایک کاغذ میں 'جنگل' اور دوسرے میں 'گھر' لکھ کر دیوار پر الگ الگ لگائے۔
- پھر بچوں سے کہے کہ جنگلی جانور 'جنگل' کی طرف اور پالتو جانور 'گھر' کی طرف جائیں۔

- ٹیچر بچوں سے پوچھے کہ جنگل کے ایک گروہ میں کون کون سے جانور ہیں؟ اور گھر کے گروہ میں کون کون سے جانور ہیں؟
- بچّوں کے جواب ٹیچر چارٹ کرے اور بچوں کو پڑھنے اور لکھنے کا موقع دے۔
- بچّے پالتو جانور کو پہچان کر 'میری پیاری کتاب' میں لکھیں۔

☆ ٹیچر ایک پالتو جانور (گائے) کی تصویر دکھائے اور کہے کہ

☜ یہ گائے ہے۔

☜ یہ ایک پالتو جانور ہے۔

☜ گائے امبا امبا کرتی ہے۔

☜ گائے گھاس کھاتے ہے۔

- پھر بچوں سے کہے کہ پسندیدہ پالتو جانور کے بارے میں انفرادی طور پر الفاظ اور جملے تیار کریں۔
- بچّے انفرادی طور پر تیار کریں۔ چند بچے پیش کریں۔
- بچّوں کو پالتو جانوروں کے نام پر گروہ بنائے۔
- بچّے گروہ میں بیٹھ کر انفرادی طور پر تیار کیے گئے جملے پڑھ کر سنائیں۔ گروہ چرچا کر کے بہتر بنائیں اور ہر ایک گروہ پیش کریں۔ ٹیچر جائزہ لے۔

☆ صفحہ نمبر ۳۵ کی دوسری سرگرمی حرف 'د' کی پہچان کے لیے ہے۔ اس لیے ٹیچر کو چاہیے کہ صحیح تحریری شکل پر زور دے۔

- ٹیچر سرگرمی ۲ کے فلاش کارڈ (دوات، دروازہ، دھنک) دکھائے اور چارٹ پر لکھے کہ

☜ یہ دوات ہے۔

☜ یہ دروازہ ہے۔

☜ یہ دھنک ہے

● بچّے ساتھ دہرائیں اور انفرادی طور پرُ میری پیاری کتابؑ میں تصویر لگا کر مناسب جملے لکھیں۔

☆ ٹیچر پالتو جانوروں کے بارے میں لکھے گیت اور نظمیں گوشہء مطالعہ میں مہیّا کرے۔

● بچّوں سے کہے کہ گوشہء مطالعہ کی مدد سے پسندیدہ پالتو جانور کے بارے میں لکھی گئی چھوٹی نظمیں یا گیت جمع کرکے 'میرا گلشن' میں لکھیں اور کلاس میں پیش کریں۔

● ٹیچر جائزہ لیں۔

یونٹ ۱

موڈیول ۵

# گھر بسائیں

## سبق کا نام : ننّھا منّا کوّا

## ڈسکورس : کہانی

## آموزشی مقاصد

- ❖ ہر ایک جاندار کا اپنا اپنا گھر ہوتا ہے۔
- ❖ گھر اور اس کے آس پاس مختلف جانور اور پرندے رہتے ہیں۔
- ❖ گھر اور ماحول سے متعلقہ چھوٹی چھوٹی کہانیاں سن کر اور پڑھ کر مفہوم سمجھتا ہے۔
- ❖ موضوع سے متعلقہ چھوٹی چھوٹی کہانیاں صحیح لب و لہجہ ، وضاحت کے ساتھ فطری انداز میں پڑھتا ہے۔
- ❖ اشاروں کی مدد سے چھوٹی چھوٹی کہانیاں تیار کرکے پیش کرتا ہے۔
- ❖ چھوٹی چھوٹی پہیلیاں سن کر پڑھ کر بوجھتا ہے۔
- ❖ دوستی، باہمی تعاون، جانداروں سے محبت، انسانیت جیسے اقداراور رویّے حاصل ہوتے ہیں۔

## تعلیمی سرگرمیاں / حکمتِ عملیاں

- ❖ گھر اور ماحول (پرندے) سے متعلقہ چھوٹی چھوٹی کہانیاں سننا۔
- ❖ موضوع سے متعلقہ چھوٹی چھوٹی کہانیاں صحیح لب و لہجہ ، وضاحت کے ساتھ فطری انداز میں پڑھنا۔
- ❖ اشاروں کی مدد سے چھوٹی چھوٹی کہانیاں تیار کر کے پیش کرنا۔
- ❖ چھوٹی چھوٹی پہیلیاں سن کر پڑھ کر بوجھنا۔

## وسائلِ تعلیم

- ❖ حکایت کی تصویر
- ❖ پرندوں کے فلاش کارڈ
- ❖ پرندوں کی تصویر (صفحہ نمبر ۴۲)
- ❖ پرندوں کے ماکس
- ❖ پرندوں کی آواز
- ❖ پہیلیاں
- ❖ باغ ، توتا ، کوّا اور مرغا کی تصویریں

## تخلیقات

- ❖ سوالوں کے جواب
- ❖ ورک شیٹ (صفحہ نمبر ۴۲،۴۵)
- ❖ تیار شدہ کہانی
- ❖ پرندوں کے ماکس
- ❖ پہیلیاں

**وقت** : ۱۱ پریڈ

# پیش کش

☆ ٹیچر بچوں کو ایک باغ کی تصویر دکھائے اور کہے کہ بچو ! یہ نوری کا باغ ہے۔

- بعد میں ٹیچر چند سوال کرے کہ

☜ باغ میں کیا کیا ہیں؟

- بچوں کے جواب چارٹ کرے اور پڑھنے کا موقع دے۔

جیسے:

☜ باغ میں پیڑ ہیں۔
☜ باغ میں پودے ہیں۔
☜ باغ میں پرندے ہیں۔

- بعد میں ٹیچر کہے کہ بچو! نوری کو کہانی بہت پسند ہے۔ کیا آپ کو کہانی پسند ہے؟
- بچوں کو کوئی پسندیدہ کہانی پیش کرنے کا موقع دے۔
- ٹیچر بھی ایک کہانی فطری انداز میں پیش کرے۔

جیسے:

ایک چوزہ تھا۔ ایک دن چوزہ اپنے ڈربے سے نکل کر باہر گیا واپس آنے میں دیر ہوگیا۔

چوں چوں میں کیا کروں ؟

اس وقت ایک گائے وہاں آئی۔

’’گائے خالہ ! میری مدد کروگے ۔ مجھے اپنی امّی کے پاس لے جاؤ۔‘‘

گائے نے کہا۔ نہیں ، میں تو کھانا لینے جا رہی ہوں
اتنے میں ایک بکری آئی
" بکری چاچی ! بکری چاچی!
میری مدد کروگے۔ مجھے اپنی امّی کے پاس لے جاؤ"
نہیں نہیں، میں تو اپنا گھر جا رہی ہوں۔ اتنے میں ایک توتا آیا۔
" چوں چوں! میری مدد کروگے۔ مجھے اپنی امّی کے پاس لے جاؤ"
توتے نے کہا پریشان مت ہو۔ میں تمہاری مدد کروں گا۔
تم میرے پر پر بیٹھو۔ چوزہ بہت خوش ہوا۔
گھر پہنچتے ہی چوزہ توتے کا شکریہ ادا کیا۔

☆ ٹیچر بچوں کو حکایت کی تصویر دکھائے اور چند سوال کرے۔

جیسے:

☜ بچو! اس تصویر میں کیا کیا ہیں؟ ☜ بچے کیا کر رہے ہیں؟
☜ ڈربے پر کون ہے؟ ☜ توتا کیا کر رہا ہے؟
☜ کوّا کیا کر رہا ہے؟ ☜ گھونسلہ کہاں ہے؟

- بچے جواب دیں۔ ٹیچر چارٹ کرے اور پڑھنے کا موقع دے۔

جیسے: توتا، کوّا، پیڑ، مرغی ، چوزے، بچے، ڈر بہ ، مرغا وغیرہ
☜ بچے چوزوں کو دانہ دے رہے ہیں۔
☜ ڈربے پر مرغا ہے۔ ☜ توتا اڑ رہا ہے۔

☜ کوّا اڑ رہا ہے۔　　☜ گھونسلہ پیڑ پر ہے۔

- بعد میں ٹیچر حکایت فطری انداز میں پیش کرے ۔ اور چند سوال کرے۔

جیسے:

☜ نوری جوزف اور سونی کہاں ہیں؟

☜ چوزوں کو کون دانہ دے رہے ہیں؟

- بچے حکایت پڑھ کر سوالوں کے جواب دیں۔

ٹیچر چارٹ کرے اور بچوں کو پڑھنے کا موقع دے۔

جیسے:

☜ نوری، جوزف اور سونی آنگن میں ہیں۔

☜ نوری اور جوزف چوزوں کو دانہ دے رہے ہیں۔

- ٹیچر بچوں سے کہے کہ آؤ بچو ہم بھی یہ کہانی پڑھ کر دیکھیں۔

ٹیچر سبق ' ننّھا منّا کوّا ' فطری انداز میں پیش کرے اور سبق سے متعلقہ چند تفہیمی سوالات کرے۔

جیسے:

☜ کوّا کہاں رہتا تھا؟

☜ ڈربہ کہاں تھا؟

☜ ناریل کے پیڑ پر کون رہتا تھا؟

☜ کوّا کھانے کی تلاش میں کہاں گیا۔

- ☜ گھونسلے سے کون نیچے گر پڑا۔
- ☜ توتا اور مرغی ننّھے کوّے کو کہاں لے آئے؟
- ☜ پریشان ہوکر کوّا کیا کرنے لگا؟
- ☜ توتے نے کوّے سے کیا کہا؟

● بچے سبق غور سے پڑھیں ۔ سوالوں کے جواب دیں۔ٹیچر چارٹ کرے اور بچوں کو پڑھنے کا موقع دے۔

جیسے:

- ☜ کوّا آم کے پیڑ پر رہتا ہے۔
- ☜ ڈربہ پیڑ کے نیچے تھا۔
- ☜ ناریل کے پیڑ پر توتا رہتا تھا۔
- ☜ کوّا کھانے کی تلاش میں باہر گیا۔
- ☜ گھونسلے سے ننّھے کوّا نیچے گر پڑا۔
- ☜ توتا اور مرغی ننّھے کوّے کو ڈربے میں لے آئے۔
- ☜ پریشان ہوکر کوّا ادھر ادھر اڑنے لگا۔
- ☜ پریشان مت ہو آپ کا بچہ میرے ڈربے میں ہے۔

☆ ٹیچر صفحہ نمبر۴۲ سرگرمی ۱ کے سوالات چارٹ یا ICT کے ذریعے نمائش کرے۔

جیسے :

- ☜ ناریل کے پیڑ پر کون رہتا تھا؟

☜ ننّھا کوّا گھونسلے سے کیسے گر پڑا؟
☜ توتا اور مرغی ننّھے کوّے کو کہاں لے آئے ؟
☜ کوّا کیوں پریشان ہوا؟

- بچے انفرادی طور پر کہانی ' ننّھا منّا کوّا ' غور سے پڑھے اور سوالوں کے جواب تیار کریں۔ چند بچے پیش کرے ۔ استاد جائزہ لے۔
- بچوں کو پرندوں کے نام گروہ بندی کرے ۔

جیسے: کوّا، توتا، مرغی ، کبوتر، کوئل وغیرہ

- بچے گروہ چرچا کرکے جواب بہتر بنائے اور ہر گروہ پیش کرے۔ ٹیچر جائزہ لے۔

جیسے:

☜ ناریل کے پیڑ پر توتا رہتا تھا۔
☜ زور دار بارش ہوئی ننّھا کوّا گھونسلے سے نیچے گر پڑا۔
☜ توتا اور مرغی ننّھے کوّے کو ڈربے میں لے آئے۔
☜ گھونسلے میں بچہ نہیں تھا اس لئے کوّا پریشان ہوا۔

☆ ٹیچر بچوں کو مرغا ، کوّا ،کبوتراور توتا وغیرہ پرندوں کے فلاش کارڈ دکھائے ۔ اور چند سوال کرے۔

جیسے :

☜ یہ کیا ہے؟
☜ یہ کون سا پرندہ ہے؟

☜ آپ کا پسندیدہ پرندہ کون سا ہے؟
☜ اس کا رنگ کیا ہے؟
☜ توتے کی آواز کیسی ہے؟

- بچے جواب دے۔ ٹیچر چارٹ کرے۔ اور بچوں کو پڑھنے کا موقع دے۔

☆ ٹیچر بچوں سے کہے کہ صفحہ نمبر۴۲ کی سرگرمی ۲ کی تصویروں کو مناسب رنگ بھریں ۔ اور پسندیدہ کسی ایک پرندے کے بارے میں جملے لکھیے۔

- ٹیچر کوئل ، مرغا، توتا، کبوتر اور کوّے کے ماسک پہن کر ان پرندوں کی آواز نکالیں۔ٹیچر کوّے کی تصویر دکھا کر پوچھے۔

☜ اس کی آواز کیسی ہے؟

- بچے جواب دے۔ ٹیچر چارٹ کرے۔
- اسی طرح ٹیچر ہر پرندے کی تصویر دکھا کر بچوں سے سوال کرے۔
- بچوں کے جواب ٹیچر چارٹ کرے ۔
- ٹیچر صفحہ نمبر۴۳ کی سرگرمی ۲ انفرادی طور پر جوڑکر جملے لکھنے کی ہدایت کرے۔
- چند بچے پرندے اور اس کی آواز کو جوڑ کر جملے پیش کرے۔ ٹیچر جائزہ لے۔
- ٹیچر بچوں کو پرندوں کے نام گروہ بندی کرے۔
- بچے گروہ میں بیٹھ کر جملوں کو بہتر بنا ئیں۔ ہر گروہ پیش کرے۔ ٹیچر جائزہ لے۔
- ٹیچر ورژن کی مدد سے بچے جملے بہتر بنا کر درسی کتاب اور ’ میری پیاری کتاب ‘ میں لکھے۔

جیسے:

کوّا کائیں کائیں کرتا ہے۔

کوئل کوکو کوکو کرتی ہے۔

مرغا غٹر غوں غٹر غوں کرتا ہے۔

توتا ٹیں ٹیں کرتا ہے۔

☆ ٹیچر صفحہ نمبر ۴۴ کی سرگرمی ۲ چارٹ پر لکھ کر نمائش کرے۔

میز پر چند پرندوں کی تصویریں رکھے۔

جیسے: کوّا، مرغا، کبوتر اور توتا وغیرہ

- ٹیچر فطری انداز میں پہیلیاں پڑھ کر سنائے ۔ بچے بھی ساتھ دہرائیں۔
- بعد میں ٹیچر میز پر سے توتے کی تصویر اٹھائے اور مناسب پہیلی کے ساتھ لگائے۔

ٹیں ٹیں ٹیں ٹیں کرتا ہوں

رنگ ہے میرا ہرا ہرا

بولو بولو کون ہوں میں

- ٹیچر بچوں کے دو گروہ بنائیں۔ بچے گروہ میں بیٹھ کر چرچا کرے۔
- گروہ سے ایک بچہ آکر تصویر اٹھا کر مناسب خانے میں لگائے۔
- ٹیچر بچوں کو انفرادی طور پر درسی کتاب میں لکھنے کی ہدایت کرے۔
- ٹیچر مرغے کی تصویر دکھا کر بچوں سے پوچھے کہ تصویر میں کیا ہے؟
- بچوں کے جواب چارٹ کرے اور پڑھنے کا موقع دے۔ اسی طرح باغ، توتا اور کوّے

کی تصویر دکھا کر سوال کرے ۔ اور جواب چارٹ کرے۔

- بچوں کو پڑھنے کا موقع دے۔
- ٹیچر کہانی کو فطری انداز میں پیش کرے۔ ٹیچر بچوں کو ہدایت کرے کہ انفرادی طور پر کہانی کو مناسب الفاظ کی مدد سے پورا کرے۔
- چند بچے پیش کرے۔ ٹیچر جائزہ لے۔
- پرندوں کے نام بچوں کی گروہ بندی کرے۔ بچے گروہ میں بیٹھ کر کہانی کو بہتر بنائے۔
- ہر گروہ کہانی کو فطری انداز میں پیش کرے۔ ٹیچر جائزہ لے۔
- ٹیچر کہانی کا نمونہ پیش کرے ۔ بچے ٹیچر ورژن کی مدد سے کہانی کو بہتر بنا کر درسی کتاب اور میری پیاری کتاب میں لکھیں۔

☆ صفحہ نمبر ۴۵ کی دوسری سرگرمی د،ڈ،ذ حروف کی پہچان کرانے کے لیے ہے۔ ٹیچر ان حروف پر زور دے۔

- ٹیچر سرگرمی ۲ کے فلاش کارڈ ( ڈھول، ڈربہ، ذخیرہ) دکھائے اور چارٹ پر جملے لکھے ۔
  جیسے: یہ ڈھول ہے۔
- بچے ساتھ دہرائیں اور اسی طرح باقی جملے پورا کریں اور' میری پیاری کتاب' میں لکھیں۔